نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ کیوں نہیں پڑھا جاتا

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ کیوں نہیں پڑھتے؟

سائل: سفوان مڑاسا گجرات انڈیا.

الجواب:-بعون الملک الوھاب-نماز جنازہ دعاء مغفرت کے لئے مشروع ہوئی ہے یہ من کل الوجوہ نماز پنج گانہ کی طرح نہیں ہے پس اس میں نماز کی طرح سورہ فاتحہ کاپڑھنا واجب نہیں بلکہ بنیت قرات پڑھے تو مکروہ تحریمی ہے حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے : "ان قرأتها بنية القرأة لا تجوز معللا بانها محل الدعاء دون القراة" اھ نیز لکھتے ہیں "انهم صرحوا بعدم الجواز فتكون مكروهة تحريما" اھ (کتاب الصلاۃ ص:584)

یعنی سورہ فاتحہ کا پڑھنا جائز نہیں ہے اس لئے کہ نماز جنازہ محل دعا ہے نہ کہ محل قرأت اور جب علماء نے عدم جواز کی صراحت کردی ہے تو اس کا(بنیت تلاوت)پڑھنا مکروہ تحریمی ہے.

اسی وجہ سے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی جاتی ہے ہاں بنیت ثنا پڑھنا درست ہے جیسا کہ فتاوی رضویہ میں بحوالہ درمختار ہے : "لوقصد بالفاتحة الثناء في الجنازة لم يكره"اھ

(ج:23 ص:339)

یعنی سورہ فاتحہ نماز جنازہ میں ثناء کی نیت سے پڑھے تو مکروہ نہیں.

نیز مراقی الفلاح میں ہے : "وجاز قرأة الفاتحة بقصد الثناء" اھ

یعنی سورہ فاتحہ کا ثناء کی نیت سے پڑھنا جائز ہے.

تاہم عام لوگ اس فرق سے واقف نہیں کہ سورہ فاتحہ بنیت ثناء پڑھئي جائے تو ثناء ہے اور بنیت تلاوت پڑھئي جائے تو تلاوت قران پاک اس لهذا ان کے لئے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ کا نہ پڑھنا بہتر ہے.

هذا ما ظهر لي والله تعالى اعلم بالصواب.

کتبہ: گدائے حضور رئیس ملت محمد صدام حسین برکاتی فیضی

صدر: میرانی دارالافتاء اشرف نگر کھمبات گجرات انڈیا.

25 رمضان المبارک 1442ھ مطابق 8 مئی2021ء

From: Mirani Darul ifta.............Fatwa Number: 94

Namaze janaza men sura e fatiha padhna kaisa hai?

Kya farmate hain ulama e deen es masla men ki namaze janaza men sura e fatiha kyun nahin padhte?
Questioner: Safwan modasa gujrat India
Jwab: Namaze janaza duaa-e-magfirat ke lia hai yah puri tarah namaze panj gana ki tarah nahi hai esi lia es men sura-e-fatiha ka padhana wajib nahi hai balki tilawat ki niyat se padhna makruh-e-tahrimi hai Reference:

"ان قرأتها بنيةالقراة لا تجوز معللا بانها محل الدعاء دون القراة" الخ نیز لکھتے ہیں "انهم صرحوا بعدم الجواز فتكون مكروهة تحريما" الخ

(Hashiyatut tahtawi ala maraqil falah, page: 584)
Yani: surah-e-fatiha ka namaz-e-janaza men tilawat ki niyat se padhna jaez nahi hai kiyun ki namaze janaza duaa padh ne ki jagah hai na ki tilawat karne ki aur jab ulama-e-keram ne najaez kahdiya hai to uska tilawat ki niyat se padhna makruhe tahrimi hai.
Esi wajah se namaze janaza men sura-e-fatiha nahi padhi jati hai.........

Lekin Sana yani tasbih ki niyat se padhna jaez hai jaisa ki "fatawa rizviya men" (jild 23 page 339)
"dur-remukhtar" ke hawala se likha hai :

"لوقصد بالفاتحة الثناء في الجنازة لم يكره"الخ

yani sura-efatiha namaze janaza men tasbih padhne ki niyat se padhe to makruh nahi
Aur "MARAQI ULFALAH" men likha hai:

"وجاز قرأة الفاتحة بقصد الثناء"الخ

Yani sura e fatiha ko tasbih padhne ki niyat se padhna jaez hai.
Lekin aam log ea faraq ko nahi jante hain ki sura e fatiha sana yani tasbih padhne ki niyat se padhi jaye to sana (tasbih) hai aur tilawat ki niyat se padhi jaye to tilawat hai lihaza aam logon ke lia namaze janza men sura e fatiha ka na padhna hi behter hai.

Allah ta-aala sab se ziyada janne wala hai.

Responder : gada-e-Huzur raise millat
Mufti Muhammad Saddam Husain Barkati Faizi
President: mirani darul ifta Ashraf Nagar khambat Shareef gujrat India

Mirani Darul ifta 📱 **+917408476710**

Miranidarulifta@gmail.com